ریکن ہاؤسنگ ٹرسٹ

ٹرسٹ کی باتیں – موسم سرما 2018

محترم برگنڈی اپنے ہوائی جہاز مشاہدہ کاری پارٹنر کی تلاش نہیں چھوڑیں گے!

چینل 4 کے شو انڈیٹیبلس (Undateables) کے اسٹار، جیسن سال کے شروع میں ٹرسٹ کے ایک اپارٹمنٹ میں منتقل ہوئے۔

موسم گرما میں جیسن اور ان کے بھائی جیمی سے ہماری ملاقات ہوئی جب وہ پہلی بار یہاں رہنے کے لیے آئے۔ اب جب کہ انہیں سیٹل ہونے کے لیے کافی وقت مل چکا ہے، اور جیسن دوبارہ ٹی وی پر نظر آئے ہیں، تو ہم نے سوچا کہ کام کو آگے بڑھانے کا بہتر وقت آگیا ہے۔ وہ اپنے فلیٹ کو سجانے میں مشغول رہے ہیں، جس میں جیسن کے پسندیدہ رنگ ارغوانی! میں ایک مخصوص دیوار کو سجانا بھی شامل ہے۔

"اکتوبر میں انڈیٹیبلس شو میں میری آخری حاضری کے بعد سے، کیمرہ سے پرے میں نے ٹُلّا (Tulla) کے ساتھ ایک دوسری ڈیٹ کی، لیکن اب ہم ساتھ میں نہیں ہیں۔ پھر ویڈنیزبری کی ایک دوسری لڑکی سے میری ملاقات ہوئی، لیکن اس کا بھی کوئی نتیجہ نہیں نکلا"۔

جیسن جن کو مسٹر برگنڈی کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، کچھ وقتوں سے ڈیٹنگ شو میں رہے ہیں، ان کا کہنا ہے، "میں اپنے ہوائی جہاز مشاہدہ کاری پارٹنر کی تلاش نہیں چھوڑونگا"۔

~~~~~~

برائے مہربانی یاد رکھیں **کہ ہمارے دفاتر جمعہ کو 5 بجے شام سے لیکر 21 دسمبر تک بند رہیں گے اور 2 جنوری 2019 کو بدھ کے دن 8:30 بجے صبح کھلیں گے۔** اس کے باجود بھی آپ ان اوقات کے دوران **01952 217217** پر فون کر کے مرمت کی اطلاع دے سکتے ہیں۔

خراب موسم کی صورت میں، ہم مرمت کے کام کو محدود کر سکتے ہیں اور صرف غیر محفوظ کرایہ داروں کو ترجیح دے سکتے ہیں؛ اگر ایسا ہوتا ہے تو مرمت لائن پر پیغامات بھیجے جائیں گے۔

ڈیولپمنٹ اپڈیٹ

چونکہ پورے ٹیلفورڈ اور ریکن، شروپشائر اور اسٹافورڈشائر میں کفایتی رہائش کا تقاضہ لگاتار بڑھ رہا ہے، ہماری پوری کوشش ہے کہ چیلینج کا سامنا کر کے اپنی کیمونٹیز کو مزید کوالٹی گھر فراہم کریں۔

ہم نے اس سال 71 ملین پونڈ کی سرمایہ کاری کی ہے، اپنے پورٹ فولیو میں 566 گھر شامل کر رہے ہیں اور مزید 138 پر کام شروع کر دیا ہے۔ ہم نے متعدد نئی سائٹس پر کام شروع کیا ہے، جس میں شامل ہے میڈلے میں اوک کلوز، اور ہم بہت جلد ایکلیشیل، اسٹافورڈشائر میں نئی سائٹ پر بھی کام شروع کریں گے۔

ہم پرانی کمیونٹی کے لیے رہائشی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے اپنے وعدہ پر قائم ہیں۔

گذشتہ کچھ برسوں میں، ہم نے 288 بنگلے بنائے ہیں، جس میں ہمارے تازہ ترین ڈیولپمنٹ کے بنگلے شامل ہیں؛ ڈاؤلے کے نیل کورٹ میں 18 اور ڈی اور بروے میں 12-

رہائش گاہ کی تعمیر میں ہمیشہ مسائل کا سامنا ہوتا رہتا ہے۔ سیکسنبائی افورڈیبل ہومز لمیٹیڈ، جنھیں ہے برج ہال کے آگے کے رخ کو برقرار رکھتے ہوئے اس میں 10 ریٹائرمینٹ لیونگ اپارٹمینٹس بنانے اور ہال گارڈنز میں 10 نئے بنگلے بنانے کا ٹھیکہ دیا گیا تھا، نے تعمیر کے کام میں تاخیر کر دی ہے لیکن ہمیں امید ہے کہ کرسمس سے پہلے سائٹ پر کوئی نیا ٹھیکہ دار آئے گا۔

ہمیں اس وقت بھی مایوسی ہوئی جب البرائیٹن میں ایک نئی شائرلیونگ ایکسٹرا کیئر اسکیم کے لیے ایک منصوبہ بندی کی درخواست مسترد ہوگئی۔ یہ ہمارے لیے اور اس گاؤں کے لیے شرم کی بات ہے، کیونکہ اس علاقے میں اس قسم کی رہائش
~~~~~~

گاہوں اور سہولیات کی سخت ضرورت ہے۔ اب ہم نے مقامی ضرورت کو پورا کرنے کی خاطر گھروں اور بنگلوں کے لیے ایک درخواست جمع کی ہے۔

مستقبل کو دھیان میں رکھتے ہوئے، ہم وٹ چرچ میں ایک دلچسپ پروجیکٹ کے لیے؛ پالس موس میں ریٹائرمنٹ اپارٹمنٹ کی تعمیر اور ایک ہیلتھ کیئر اور کمیونٹی ہب کی تعمیر کے لیے منصوبے جمع کرنے والے ہیں، جس کو ٹاؤن میں خوب سراہا جا رہا ہے۔

ہمارا وعدہ ہے کہ ہم اپنے پورے علاقے میں مطلوبہ اور کفایتی گھر فراہم کرنے کے لیے اپنی پوری کوشش جاری رکھیں گے۔ ایسا کرنے کے لیے، ہم 2025 تک خود اپنے رہائش گاہوں کے اسٹاک کو 12,600 پراپرٹیز سے بڑھا کر 16,000 تک کرنے والے ہیں۔

کیلینڈر 2019

ہمیں خوشی ہے کہ ہم آپ کو اس ٹرسٹ کے مذاکرات کے ساتھ اپنا 2019 کا کیلنڈر بھیج رہے ہیں۔ ڈیوڈ آسٹن روزیز، ٹیلفورڈ اور ریکن کاؤنسل، آئرن برج گورج میوزیم ٹرسٹ اور سیورن ویلی ریلوے کے ہم شکرگزار ہیں کہ انہوں نے ہمارے ارد گرد کے دلچسپ علاقوں کی تصاویر ہمیں فراہم کیں۔ ہمیں امید ہے کہ اس سے آپ کو اپنے آنے والے سال کے لیے منصوبہ بنانے میں مدد ملے گی۔

کیمونٹی میں واچ آؤٹ اینڈ اباؤٹ

ٹیلفورڈ کے کیئرر سنٹر چیریٹی کا مقصد نگہداشت کاروں اور نگہداشت پانے والوں کی حمایت کرنا اور انہیں مزید پُر اعتماد اور خود منحصر بنانا ہے، اور ان کی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں میں ان کی مدد کرنا ہے۔

ٹرسٹ کے کرایہ دار جن کو نگہداشت کاری کا وظیفہ ملتا ہے انہیں کیئرر سنٹر چیریٹی سے فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ ٹرسٹ کی واچ ٹیم نے حال ہی میں گروپ کے ساتھ پارٹنرشپ شروع کی ہے، جس کے تحت باقاعدگی کے ساتھ ملاقات کی جاتی ہے تا کہ نگہداشت کار کچھ دستیاب معاون ٹیکنالوجی کی جانچ کر سکیں۔

واچ آوٹ الارم مینیجر، ایما ڈکینسن کا کہنا ہے: "ہمیں معلوم ہے کہ خود منحصر رہنا کتنا اہم ہے، لیکن یہ جاننا بھی اہم ہے کہ ضرورت پڑنے پر مدد ہماری دسترس میں ہے۔ واچ کسی بھی ایسے فرد کے لیے ایک مثالی چیز ہے جو اپنے گھر میں آزادی کو برقرار رکھنا چاہتا ہے، چاہے اس کی عمر اور صلاحیتیں کچھ بھی ہوں۔ ہم بہت سارے نگہداشت کاروں کے ساتھ کام کرتے ہیں جو اپنے اہل خانہ کے لیے یا اپنے عزیزوں کے لیے اضافی یقین دہانی کی خاطر واچ سروس کا استعمال کرتے ہیں؛ ہو سکتا ہے وہ اپنی عمر یا معذوری کی وجہ سے غیر محفوظ ہوں، یا کسی جرم کے شکار بننے کے بعد ان کا اعتماد متزلزل ہو چکا ہو"۔

واچ بزرگ لوگوں کو جلدی اسپتال سے گھر لانے میں مدد کرنے کے لیے برٹش ریڈ کراس کے ساتھ بھی کام کر رہا ہے۔

اسپتال سے نکلنے والے بزرگ لوگوں کے لیے مناسب گھر اور نگہداشت نہ ہونے کی وجہ سے NHS کو فی مریض فی دن 2,200 پونڈ کی لاگت آتی ہے، اس لیے ریڈ کراس کیئرر پیکیج بڑی حد تک NHS پر پڑنے والے دباؤ کو کم کرتا ہے۔ یہ ہر روزمرہ کے کام میں مدد کی پیشکش کرتا ہے جیسے کہ نسخہ لینا اور خریداری کرنا، اور امداد کا حصول اور ردوبدل – جیسا کہ واچ پینڈنٹ الارم جس کا مطلب ہے کہ ان لوگوں کے لیے مدد قریب ہے جن کو دن میں 24 گھنٹے، اور سال میں 365 دن اس کی ضرورت ہے۔

واچ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے یا ایک مفت ڈیمونسٹریشن بک کرنے کے لیے ہم سے رابطہ کرنے کے لیے **01952 217151 پر فون کریں یا** enquiries@watchalarms.co.uk **پر ای میل کریں، یا ویب سائٹ** www.watchalarms.co.uk **ملاحظہ فرمائیں۔**

اگر آپ نے نہینسنا ہے تو اس سال ٹیلفورڈ کی 50 ویں سالگرہ ہے! ٹاؤن کا باضابطہ طور پر 29 نومبر 1968 کو افتتاح ہوا – اور ٹرسٹ کے مذاکرات کے پچھلے ایڈیشن میں ہم نے آپ سے کہا تھا کہ اگر آپ بھی اپنی 50 ویں سالگرہ منا رہے ہوں تو ہم سے رابطہ کریں۔ ہر کسی کو مبارکباد!

- محترم اور محترمہ اسٹبس نے اپنی شادی کی 50 ویں سالگرہ پر کیسی میں پارٹی کا خوب مزہ لیا۔
- برائن اور ڈورین نے اس سال کی شروعات میں اپنی شادی کی 50 ویں سالگرہ منائی۔
- محترمہ بال نے اپنے گھر والوں کے ساتھ جاکر باہر کھانا کھایا اور اپنی 50 ویں سالگرہ منائی۔
- محترمہ شاہ نے اپنی 50 ویں سالگرہ لینگولین میں خوبصورت ہارس شو آبشار پر چہل قدمی کرکے منائی۔
- محترم اور محترمہ پیکن 50 سالوں سے ریکن ہاوسنگ ٹرسٹ (اور ٹرسٹ کے نام ملکیت کی منتقلی سے پہلے سابقہ ٹیلفورڈ اور ریکن کاونسل) کے کرایہ دار رہے ہیں! وہ حال ہی میں ویلنگٹن کے ہمارے ڈی کلوز ڈیولپمنٹ میں ایک بالکل نئے بنگلے میں منتقل ہوئے ہیں۔

یونیورسل کریڈٹ کے لیے فٹ بنیں

اگر آپ کو یا کسی ایسے فرد کو جسے آپ جانتے ہیں، کوئی سرکاری فوائد یا ٹیکس کریڈٹ حاصل ہوتے ہیں، تو اس سے یونیورسل کریڈٹ میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔ لیکن پریشان نہ ہوں، ہم اس کے لیے آپ کی تیاری میں مدد کریں گے۔ شروپشائر اور اسٹافورڈشائر کے کچھ حصوں میں یونیورسل کریڈٹ کا پہلے تعارف کرایا جا چکا ہے، لیکن اس سال نومبر سے پورے ٹیلفورڈ اور ریکن میں اس کو لوگوں کے لیے نافذ کر دیا جائے گا۔

ریاستی پینشن پر ہیں؟ اس سے آپ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا

یونیورسل کریڈٹ کیا ہے؟ یونیورسل کریڈٹ (یوسی) کام کرنے کی عمر والے لوگوں کے لیے ایک ماہانہ بینیفٹ پیمنٹ ہے۔

یہ مندرجہ ذیل کی جگہ لیتا ہے:

- چائلڈ ٹیکس کریڈٹ
- ہاؤسنگ بینیفٹ
- آمدنی سپورٹ
- ملازمت تلاش کاروں کا وظیفہ
- ملازمت اور سپورٹ وظیفہ
- ورکنگ ٹیکس کریڈٹ

آپ صرف اسی وقت یو سی منتقل ہوں گے جب آپ کو صورتحال میں کسی تبدیلی کا سامنا ہو اور جب آپ وہاں جائیں گے تو آپ کے ختم ہونے والے پرانے بینیفٹ پیمنٹ اور شروع ہونے والے یو سی پیمینٹ کے درمیان تاخیر ہو سکتی ہے۔ بعض معاملوں میں، **اس کی وجہ سے لوگ چھ ہفتوں تک بغیر پیسے کے ہی رہ گئے**۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ اس تبادلے کے لیے فٹ ہیں، یہاں کچھ آسان کارروائیاں ہیں جو آپ کر سکتے ہیں۔

تیار ہوں

اپنی یونیورسل کریڈٹ پیمنٹ پانے کے لیے، جن کی آپ کو ضرورت ہوگی:

- انٹرنیٹ تک رسائی

- ایک ای میل پتہ
- ایک بینک اکاونٹ

اپنا کرایہ ادا کرنے کے لیے، آپ کو ریکن ہاوسنگ ٹرسٹ کے کسٹمر پورٹل پر اپنا نام درج کروانے کی ضرورت ہوگی۔

اگر آپ کے پاس مذکورہ بالا میں سے کچھ بھی نہیں ہے، تو آپ کو جلد سے جلد انہیں سیٹ کرنے کی ضرورت ہوگی۔ کسٹمر پورٹل اکاؤنٹ میں رجسٹریشن کے لیے، **برائے مہربانی ہمیں 01952 217100 پر فون کریں۔**

گیم سے آگے نکلیں

آپ کو اپنی پہلی یونیورسل کریڈٹ پیمنٹ پانے میں چھ ہفتے تک لگ سکتے ہیں، اور اس وقفہ کے دوران بھی آپ کو اپنا کرایہ ادا کرنے کی ضرورت ہوگی۔ **ابھی اپنے اکاؤنٹ میں چھوٹے چھوٹے، اضافی پیمنٹ کرنے سے آپ کو اس کی تیاری میں مدد ملے گی۔**

فی دن 84p زیادہ کرایہ کی ادائیگی سے یہ ممکن ہو سکتا ہے، اور ہماری ویب سائٹ پر کسٹمر پورٹل کے ذریعہ ایسا کرنا آسان ہے۔ پورٹل تک آپ اپنے کمپیوٹر، ٹیبلیٹ یا اسمارٹ فون سے دن میں 24 گھنٹے رسائی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو اضافی کرایہ کی ادائیگی کی استطاعت کے لیے منصوبہ بنانے میں مدد کی ضرورت ہو تو ہماری منی میٹر ٹیم مشورہ دینے کے لیے دستیاب ہے۔ **01952 217234 پرفون کریں۔**

بدلاؤ کریں

یونیورسل کریڈٹ میں تبدیل کرنے سے آپ کو ٹرسٹ کو اپنے پورے کرایے کی ادائیگی کی ذمہ داری مل جائے گی۔ اگر آپ کا کرایہ اس وقت براہ راست آپ کو ملنے والے بینیفٹ سے ادا ہو رہا ہے، تو یہ رک جائے گا۔

وقت پر اپنے کرایہ کی ادائیگی کو یقینی بنانے کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ اپنے ہاؤسنگ ایگزیکیوٹیو سے رابطہ کرکے یا اپنی مقامی دوکان میں جاکر ڈائریکٹ ڈیبٹ اختیار کریں۔

یا، اگر ڈائریکٹ ڈیبٹ آپ کے لیے نہیں ہے، تو کسٹمر پورٹل کے ذریعہ آن لائن پیمنٹ ایک آسان اور محفوظ متبادل طریقہ ہے۔

مشکلات سے دور رہیں

اگر آپ کو اپنے کرایہ کی ادائیگی میں دشواری پیش آرہی ہے، یا آپ کو اس بات کی فکر ہے کہ یونیورسل کریڈٹ آپ کو کیسے متاثر کرے گی، تو جلد سے جلد ہماری ایکسپرٹ ٹیم سے رابطہ کریں۔ **ہم آپکو مشکلات سے دور رکھنے کے لیے یہاں موجود ہیں۔** مزید معلومات کے لیے www.wrekinhousingtrust.org.uk/universalcredit ملاحظہ فرمائیں یا **01952 217100** پر فون کریں۔

ڈائریکٹ ڈیبٹ کرایہ داروں کے لیے ایک بہترین چیز ہے

ڈائریکٹ ڈیبٹ سے ادائیگی کرنے والوں کے لیے ہماری ماہانہ انعامی قرعہ اندازی میں تازہ ترین جیت حاصل کرنے والے کچھ لوگوں کے نام یہاں دیئے گئے ہیں:

جیت حاصل کرنے والے جوسی اور ٹیری تقریباً ایک سال سے ڈاولے میں اپنے ریٹائرمینٹ لیونگ ہوم میں رہ رہے ہیں:

"ایسی بہترین کمیونٹی میں رہ کر ہم خود کو بہت خوش قسمت محسوس کرتے ہیں۔ قرعہ اندازی جیتنا ایک خوشگوار حیرت انگیز بات تھی!"

جیت حاصل کرنے والے اینڈی اپنی پوری زندگی ویلنگٹن میں رہتے آئے ہیں: ***"میں نے سوچا کہ دوکاندار مجھ سے مذاق کر رہا ہے جب انہوں نے مجھ سے کہا کہ میں واؤچرز جیت چکا ہوں۔ میں خود کی ضیافت کر سکتا ہوں"۔***

اگلے مہینے، ہو سکتا ہے کہ آپ جیتیں! آج ہی تبدیلی کرنے کے لیے اپنے ہاؤسنگ ایگزیکیٹیو سے بات کریں یا اپنی مقامی دوکان پر تشریف لائیں۔

تقریبا 60% سے زیادہ ٹرسٹ کرایہ دار ڈائریکٹ ڈیبٹ کے ذریعہ اپنا کرایہ ادا کرتے ہیں۔ اس سے اپنے گھر کا کرایہ، گیراج یا مشمولات انشورنس کی ادائیگی کے جھنجھٹ سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔ سبھی ڈائریکٹ ڈیبٹ کے ذریعہ اپنا کرایہ ادا کرنے والں کو ماہانہ انعامی قرعہ اندازی میں داخل کیا جاتا ہے جہاں وہ 100 پاؤنڈ کے خریداری واؤچر جیت سکتے ہیں!

ٹرسٹ میں کام کرنا، جیسا کہ ہمارے اسٹاف کے ذریعہ بتایا گیا ہے!

ہمارے کاروبار ٹرسٹ میں اسٹاف کی ایک بڑی تعداد پر مشتمل ہیں؛ جن سے ہمارے سبھی گاہکوں کو عمدہ ترین سروس دینے میں مدد ملتی ہے۔ اگر آپ نے پہلے ٹرسٹ کے لیے کام کرنے کے بارے میں سوچا ہے اور اس بات کی فکر ہے کہ آپ زیادہ ماہر نہیں ہیں، تو مینٹیننس ہی صرف ایسا کیریئر نہیں ہے جو ہمارے پاس دستیاب ہے۔ آئي سی ٹی اور مارکیٹنگ سے قانون اور مالیات تک؛ پورے ٹرسٹ میں متعدد محکمے اور ٹیمیں موجود ہیں۔

نیکول نے اپنا GCSEs مکمل کرنے کے بعد ٹرسٹ کے محکمہ مالیات میں ایک اکاونٹنٹ ایڈمنسٹریٹر کی حیثیت سے شمولیت اختیار کی، اور اب ایک آپریشن ریپیئر اکاونٹنٹ ہیں۔

سال در سال نیکول نے مزید ذمہ داری اور مختلف منصب سنبھالے ہیں، اپنی معلومات میں اضافہ کیا ہے کیونکہ اس نے اپنی اکاؤنٹینسی کوالیفیکیشن کے لیے پڑھائی کی ہے۔

"جب میں نے اسکول چھوڑا تو میں نے اکاونٹنٹ یا وکیل بننے کا فیصلہ کیا تھا۔ مجھے معلوم تھا کہ یونیورسٹی میرے لیے نہیں تھی؛ میں نہیں چاہتی تھی جب میں اس سے باہر نکلوں تو مجھ پر بہت سارے قرضہ جات ہوں۔ ٹرسٹ میں کام کرنے سے مجھے وہ تجربہ حاصل ہوا جس کو میں کھو دیتی اگر میں نے فل ٹائم پڑھائی کی ہوتی"۔

کام کے باہر لوگوں کو ٹیوشن پڑھا کر، نیکول کو امید ہے کہ وہ اگلی نسل کے اکاؤنٹنٹس کو کام کے توسط سے ٹریننگ کے بارے میں سوچنے کی تحریک فراہم کرے گی اس کے بجائے کہ وہ مقامی اسکول اور چھٹے فارم کے ذریعہ مزید تعلیم حاصل کریں۔

لِبّی نے 2013 میں ایک ہیلتھ اور سیفٹی گریجویٹ تربیت کار کی حیثیت سے ٹرسٹ میں اپنا کیریئر شروع کیا؛ یہ ایک نیا عہدہ تھا جو یہ دکھانے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا کہ صحت اور سلامتی کے منظرنامے میں کیسی تبدیلی آرہی ہے۔

لِبّی تب سے ہیلتھ اور سیفٹی پارٹنر کے طور پر اپنے موجودہ منصب تک کام کرتی آ رہی ہے۔

لِبّی جیسے مزید افراد ملازمین کے تحفظ کے لیے ہیلتھ اور سیفٹی میں اپنا کیریئر شروع کر رہے ہیں۔

"ہم بہترین نوجوان باصلاحیت افراد کو ہاوسنگ سیکٹر میں لانا چاہتے ہیں، اور انہیں فوری جوکھموں سے تحفظ فراہم کرنا حقیقت میں اہم ہے۔ ٹرسٹ نے مجھے اپنے گریجویٹ پروگرام میں داخل کر کے ایسا کرنے کا موقع فراہم کیا ہے، جس کی وجہ سے مجھے اپنی زندگی بھر کے لیے ایک کیریئر مل گیا ہے"۔

یقیناً ٹرسٹ میں کیریئر سے متعلق بہت سارے شمولیت کے مواقع ہیں۔ ڈوگ ہماری گیس ٹیم میں کام کرتے ہیں۔ یہ واقعی اہم ہے کہ ہم گیس انجنیرنگ میں سرمایہ کاری کرتے رہیں تاکہ ان سسٹمز کے لیے ان کی مہارت مستقبل کے لیے مستحکم ہو جس پر وہ مستقبل میں کام کریں گے۔

ڈوگ نے 2011 میں ایک ہیٹنگ انجنیئرکے طور پر ٹرسٹ میں کام شروع کیا۔ تب سے، ڈوگ نے بہت سے انڈسٹری ٹریننگ کے کورس کئے ہیں جن سے انہیں ایک ورکنگ لیڈ انجنیر بننے میں اور حال ہی میں ایک مینٹیننس سپروائزر بننے میں مدد ملی ہے۔

ڈوگ اب ہمارے انجینئروں کی سرپرستی کرتے ہیں تا کہ انڈسٹری میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ ہمارے اسٹاف کی مہارت میں بھی تبدیلی آئے۔

"ٹرسٹ میں کام کرنا بہت اچھا رہا، نہ صرف ٹریننگ کے لیے بلکہ اگلی نسل کے انجنیروں کے ساتھ کام کرنے کے لیے بھی۔ مجھے حقیقت میں آموزگاروں اور تربیت پانے والوں کے ساتھ کام کرکے مزہ آتا ہے، کیونکہ یہ مجھے اس بات کی یاد دلاتا ہے کہ میں نے کتنے دوری طے کر لی ہے"۔

متعدد علاقوں اور مقامات پر ہماری ترقی کی وجہ سے، ہم اکثر گیس انجنیروں، کیٹرنگ اسسٹنٹ اور کیئر کے عہدے کے لیے بھرتی کرتے ہیں۔ اگر آپ ان علاقوں میں کام کرنے کے خواہش مند ہیں، تو برائے مہربانی اگلی بار ہمارے بارے میں سوچیں اگر آپ ملازمت میں تبدیلی کے بارے میں سوچ رہے ہیں – ہم چاہیں گے کہ مزید کرایہ دار ہمارے ساتھ کام کریں! آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کر کے گروپ میں تازہ ترین خالی عہدوں کے بارے میں جانکاری حاصل کر سکتے ہیں: www.wrekinhousinggroup.org.uk/jobs

کرایہ داروں کے پینل کا اپڈیٹ

لارا – آپ کی نئی چیئرپرسن

ہو سکتا ہے آپ لارا ہلڈیچ کو پہلے سے پہچانتے ہوں، کیونکہ وہ بہت برسوں سے اس میں شامل کرایہ دار رہی ہیں اور ایک دہائی سے کرایہ داروں کے پینل میں ہیں۔

سال کی شروعات میں، جب گرین فیل کے ردعمل میں ہاؤسنگ گرین پیپر کا اعلان کیا گیا، لارا نے والوورہیمپٹن میں ہوم کوالٹی نیٹ ورک پر ٹرسٹ کی نمائندگی کی۔ شرکت کرنے اور سوالات کے جواب دینے کا مطلب ہے کہ کرایہ دار اپنی بات کہہ سکتے ہیں: "یہ بہت اہم بات تھی کہ میں نے سبھی باشندگان کی طرف سے اپنا نقطہ نظر پیش کیا، تاکہ سانحہ کے بعد ہمارے دماغ کو سکون حاصل ہو"۔

ہاوسنگ، ریٹائرمینٹ لیونگ اور شائرلیونگ اسکیم جیسی عام ضروریات میں سبھی کرایہ داروں کی نمائندگی کرتے ہوئے لارا ایک بہتر مستقبل کی متمنی ہیں:

"میں چاہتی ہوں کہ پینل ہمارے کرایہ داروں کے ساتھ مواصلات پر توجہ مرکوز کرے۔ اس میں ڈیجٹل مہارت سے متعلق کچھ ٹریننگ شامل ہوگی"۔

اگر آپ کو اس میں شامل ہونے میں دلچسپی ہے، تو **برائے مہربانی ای میل کریں: getinvolved@wrekinht.org.uk یا اس نمبر پر فون کریں 01952 217181۔**

جِل کا تعارف اور مزید رضاکارانہ مواقع

جِل پٹ نے حال ہی میں ایک سماجی انکلیوزن کنسلٹنٹ کے طور پر مسلسل ترقی ٹیم کو جوائن کیا ہے اور ٹرسٹ کے مختلف ایریا میں شامل کرنے کے لیے سبھی عمر کے لوگوں کی تلاش میں ہے۔

"ہمارے نئے رضاکارانہ مواقع اس طرح ترتیب دیئے گئے ہیں کہ کمیونٹی، آرگنائزیشن اور ہمارے گاہکوں میں قدر کا اضافہ ہو۔

"ہم ان رضاکاروں کی تلاش کرتے ہوئے شروع کرنا چاہتے ہیں جو ہمارے شائرلیونگ کیفے میں باقاعدگی سے مدد کر سکتے ہیں۔ یہ اس فرد کے لیے ایک بہت بڑا موقع ہے جو اپنا کیریئر شروع کرنے کے لیے تجربہ حاصل کرنے کی تلاش میں ہے، یا اس فرد کے لیے جس کو کھانے پینے سے زیادہ دلچسپی ہے"۔

شائرلیونگ اسکیم کے دوستانہ کیٹرنگ ٹیموں کے ساتھ رضاکارانہ کام کر کے، آپ کمیونٹی میں ایک فعال کردار ادا کریں گے۔ رضاکار ان اوقات میں کام کر سکتے ہیں جو ان کے لیے مناسب ہو، بچوں کو اسکول لانے لے جانے جیسی ذمہ داریاں پوری کرنے کے بعد کے اوقات میں۔

آنے والے مہینوں میں مزید رضاکارانہ مواقع ہونگے۔ اگر آپ ہفتے میں کچھ گھنٹے وقف کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو **برائے مہربانی ای میل کے ذریعہ جِل سے رابطہ کریں: getinvolved@wrekinht.org.uk یا 01952 217326 پر فون کریں۔**

کیا آپ ہمارے مشن کا لازمی جزء بن سکتے ہیں؟ (شائرلیونگ کیفے رضاکار)

ہمیں ان رضاکاروں کی تلاش ہے جو ہمارے شائر لیونگ کیفے میں کچھ باقاعدہ مدد کی پیشکش کر سکتے ہیں۔

کیا آپ...

- کیا آپ کے پاس ہر ہفتے کچھ گھنٹے خالی ہوتے ہیں؟
- کیا آپ اسکیم میں فعال کردار ادا کرنا چاہتے ہیں اور ساتھی باشندگان کے ساتھ سماجی کام کا مزہ لینا چاہتے ہیں؟

آپ...

- ایک دوستانہ ٹیم کا حصہ بن سکتے ہیں
- اپنی سہولت کے مطابق رضاکارانہ اوقات کا انتخاب کر سکتے ہیں
- باشندگان کے لیے کیٹرنگ سروس کی ساخت تیار کرنے میں مدد کر سکتے ہیں

آپ کو کیٹرنگ میں کسی سابقہ تجربے کی ضرورت نہیں ہے، صرف سیکھنے اور ہمارے کیفے کی مدد کرنے کی خواہش ضروری ہے۔ ہم ہفتے میں کم سے کم دو گھنٹے کی پابندی کا تقاضہ کرتے ہیں۔

اپنی دلچسپی کا رجسٹریشن کرانے کے لیے، **برائے مہربانی involved@wrekinht.org.uk پر ای میل کریں یا 01952 217326 پر جِل کو فون کریں۔**